سوال

(52) حالت نماز میں بیماری کی وجہ سے پیشاب کے قطرے نکلنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی پہلے تو صحیح تھا مگر اب کچھ دنوں سے بار بار پیشاب آتا ہے بڑی تسلی سے وضوء کیا جاتا ہے لیکن سجدے کی حالت میں معلوم ہوتا ہے کہ جیسے چند قطرے پیشاب کے نکل گئے ہیں بڑی کوشش کے ساتھ صفائی کر کے وضوء کیا جاتا ہے مگر جب نماز میں ہوتا ہے تو اسے اس قسم کی پریشانی لاحق ہوجاتی ہے برائے مہربانی قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا مفصل حل پش فرمائیں کیا ایسی صورت میں نماز ہوجائے گی اور کیا ایسا شخص اگر امام ہو تو نماز پڑھا سکتا ہے کہ نہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس شخص کے متعلق آپ نے سوال کیا ہے اگر یہ حالت اس پر کبھی کبھار طاری ہوتی ہے تو پھر قطرہ نکلنے سے اس کا وضوء ٹوٹ جائے گا لہٰذا وہ دوبارہ وضوء کرے اور نماز پڑھے اور اگر یہ حالت اس پر مسلسل طاری رہتی ہے تو پھر وہ ہر نماز کےلیے وضوء کر کے نماز پڑھ لیا کرے جیساکہ آپ نے استحاضہ والی عورت کے متعلق احادیث میں پڑھا ہے کہ وہ ہر نماز کےلیے وضوء کرے ایسا آدمی امامت بھی کرا سکتا ہے کیونکہ ہر نماز کےلیے وضوء اس کی طہارت ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طہارت کے مسائل ج1ص 90

محدث فتویٰ